CAMPUS NEWS
University of Agriculture, Faisalabad
Special Edition, October 16, 2014

زرعی یونیورسٹی میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کی سہولت کیلئے حالیہ اقدامات

ملک میں ہائر ایجوکیشن کے میدان میں طلباء وطالبات کی تعداد میں ہونے والے اضافہ کے پیش نظر پاکستان میں موجود اعلیٰ تعلیم کی جامعات کی طرح پاکستان میں صف اول کی عظیم دانش گاہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

میں بھی بنیادی ڈھانچے کی ترقی' نئے تدریسی کمروں اور لیبارٹریز کے ذریعے تعلیمی وتحقیقی سہولیات میں اضافے اور ہاسٹلز میں رہائش رکھنے کے خواہش مند طلباء وطالبات کیلئے نئے اقامتی کمروں کی تعمیر سمیت دیگر سہولیات میں اضافے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام جاری ہے۔ یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات میں تعلیمی وتحقیقی سرگرمیوں میں مصروف 18 ہزار سے زائد طلبہ میں 35 فیصد طالبات بھی شامل ہیں اور ایک اندازے کے مطابق آئندہ ایک دہائی میں یونیورسٹی میں انرولڈ طلباء وطالبات کی تعداد 25 ہزار سے تجاوز کر جائے گی۔ اس وقت اقامتی ہاسٹلز میں رہائش پذیر طلباء وطالبات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر انہیں مثالی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے متعدد منصوبوں پر کام جاری ہے۔ اقامتی طلباء وطالبات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خاں کی خصوصی ہدایات پر چیف ہال وارڈن پروفیسر ڈاکٹر محمد امجد الکھ اور ان کی ٹیم ہاسٹلز میں صحت افزاء تبدیلیوں کیلئے ہمہ وقت مصروف ہیں۔ اقامتی ہاسٹلز میں فراہم کی جانیوالی چند قابل ذکر سہولیات کی تفصیلات حسب ذیل ہیں۔

وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف کی طرف سے ایک ہزار طلباء کیلئے ہاسٹل کی تعمیر کیلئے 50 کروڑ روپے کی فراہمی

جناب وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خاں کی طرف سے جامعہ میں مقیم طلباء وطالبات کی بڑھتی ہوئی تعداد حکومتی اداروں میں نئے ہاسٹلز کی تعمیر کیلئے کی جانیوالی کاوشوں کے نتیجہ میں وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف کی طرف سے یونیورسٹی کو فوری طور 50 کروڑ روپے جاری کر دیئے گئے ہیں اور یونیورسٹی کے انجینئرنگ وکنسٹرکشن ڈیپارٹمنٹ میں ہاسٹل کی تعمیر کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں وفاقی حکومت کی طرف سے بھی نئے ہاسٹلز کی تعمیر کے حوالے سے یونیورسٹی کی درخواست حتمی منظوری کیلئے زیر غور ہے جس کے بعد جامعہ میں اقامتی ضروریات کسی حد تک پوری کرنے میں مدد ملے گی۔

جھنگ روڈ پارس میں طلبہ کیلئے پانچ نئے ہاسٹلز کی فراہمی

جناب وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خاں کی خصوصی ہدایت پر جھنگ روڈ پر موجود یونیورسٹی کے تحقیقاتی فارم پارس پر جدید ترین سہولیات کے حامل پانچ اقامتی ہاسٹلز تعمیراتی کام کی تکمیل کے بعد طلباء کے حوالے کر دیئے گئے ہیں جس کے بعد مزید طلباء کی اقامتی سہولیات میں اضافہ ہو گیا ہے۔ علاوہ ازیں پلاننگ کمیشن میں وفاقی حکومت کی طرف سے بھی یونیورسٹی کو ہاسٹلز کیلئے مزید فنڈز کی فراہمی کا وعدہ کیا گیا ہے جس کے بعد اقامتی مسائل کے حل میں خاطر خواہ مدد فراہم ہو گی۔

لوڈشیڈنگ کے دوران جنریٹرز کے ذریعے برقی رو کی مسلسل فراہمی

ملک میں جاری توانائی کے حالیہ بحران اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے حوالے سے یونیورسٹی کی تمام کلیہ جات میں نئے جنریٹرز کی تنصیب کے احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں علاوہ ازیں یونیورسٹی میں مقیم طلباء وطالبات کی تعلیمی وتحقیقی سرگرمیوں پر اسکے اثرات کو کم سے کم سطح پر رکھنے کیلئے ہر ہاسٹل میں جنریٹرز پہلے ہی نصب کئے جا چکے ہیں جن کی بدولت اب کامن رومز اور میس رومز میں برقی رو کی مسلسل فراہمی یقینی بنا دی گئی ہے تاکہ بجلی کی لوڈشیڈنگ کے دوران طلباء وطالبات کی پڑھائی ہرگز متاثر نہ ہو پائے۔

ہاسٹلز میں اقامت پذیر طلباء وطالبات کیلئے پانی کی بلاتعطل فراہمی

یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ کیمپس پر برقی رو بند ہونے کی صورت میں ہاسٹلز میں مقیم طلباء وطالبات کے لئے پانی کی فراہمی جاری نہیں رہتی لیکن حالیہ اقدامات سے طلباء وطالبات کو یقین دہانی کروائی گئی ہے کہ آئندہ بجلی کے تعطل کی صورت میں پانی کی فراہمی بدستور جاری رکھی جائے گی۔

ہاسٹلوں میں نئے فرنیچر وفوری توجہ طلب مسائل کے حل کیلئے اقدامات

یونیورسٹی انتظامیہ نے ہاسٹلز میں اقامت پذیر طلباء وطالبات کے فوری توجہ طلب مسائل کو فی الفور حل کرنے کیلئے جو اقدامات کئے ہیں ان میں ہال وارڈن آفس کے زیر اہتمام الیکٹریشن' کارپینٹر اور میسن کی دو دو نئی آسامیاں پیدا کی گئی ہے جن پر باصلاحیت افراد کی تعیناتی فوری طور پر عمل میں لائی جا رہی ہے۔ اُمید کی جانی چاہئے کہ ہال وارڈن آفس میں مذکورہ آسامیوں پر تعینات ہونے والے سٹاف کی وجہ سے ہاسٹلز میں فوری مرمت اور تعمیر کے اُمور فوری طور پر انجام دیئے جا سکیں گے جس سے طلباء وطالبات کے مسائل میں یقینی کمی واقع ہو گی۔ ہاسٹلز میں طلباء وطالبات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر دستیاب سہولیات میں اضافہ کرنے کی غرض سے ہر کمرے میں اضافی طلباء وطالبات کیلئے نیا فرنیچر فراہم کیا جا رہا ہے تاکہ انہیں اپنی ضروریات کیلئے کمروں میں پہلے سے موجود ساتھیوں کی طرف نہ دیکھنا پڑے۔

صلاحیت اور ضرورت کی بنیاد پر وظائف کی تقسیم

جناب وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خاں کی خصوصی دلچسپی اور ہدایات کی روشنی میں ایک بااختیار ڈائریکٹوریٹ آف سٹوڈنٹس فنانشل اسسٹنٹس قائم کر دیا گیا ہے جہاں صلاحیت اور ضرورت کی بنیاد پر اہلیت کا معیار جانچتے ہوئے طلباء وطالبات کو تعلیمی اخراجات پورے کرنے کیلئے سینکڑوں وظائف تقسیم کئے جا رہے ہیں۔ دستیاب اعداد وشمار کے مطابق یونیورسٹی کے ایک تہائی سے زائد طلباء وطالبات کو کسی نہ کسی حوالے سے وظائف تقسیم کئے جا رہے ہیں اور اس دائرہ کو مزید وسیع کیا جا رہا ہے۔

اقامتی ہاسٹلز میں کینٹین اور میس رومز کی تزئین وآرائش

جامعہ کے تمام ہاسٹلز میں کینٹین اور میس رومز کی تزئین وآرائش اور تعمیر ومرمت پر خطیر رقم خرچ کی جا رہی ہے جس کے بعد ہاسٹلز میں طلباء وطالبات کو جدید ترین ٹک شاپس' کیفے ٹیریا اور میس رومز دستیاب ہو نگے۔ اس حوالے سے ابتدائی طور پر خدیجۃ الکبریٰ ہال میں وسیع وعریض ٹک شاپ' کیفے تعمیر اور میس روم کیا جا رہا ہے جس کے بعد دوسرے اقامتی ہاسٹلز کی کینٹین ومیس رومز کو طلباء وطالبات کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے مطابق توسیع دینے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔

اقامتی ہاسٹلز میں مزید کمروں وبین الاقوامی معیار کے باتھ رومز کی تعمیر

یونیورسٹی انتظامیہ اقامتی ہاسٹلز میں طلباء وطالبات کیلئے مزید کمروں کی تعمیر کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی معیار کے حامل باتھ رومز تعمیر کرنے پر بھی خطیر رقم خرچ کر رہی ہے اور طارق ہال' لیاقت ہال' قدّائی ہال' ٹیپو ہال میں توسیعی تعمیراتی کام اور نئے باتھ رومز کی تعمیر مکمل ہو گئی ہے جہاں ہزاروں طلباء وطالبات بہترین ماحول میں فطری ضروریات پوری کرتے ہیں جبکہ دوسرے اقامتی ہاسٹلز میں اس سہولت کی فراہمی کے حوالے سے منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔